بسم اللہ الرحمن الرحیم

سورۃ الکھف کی ابتدائی اور آخری دس آیات یاد کرنے کی فضیلت

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا کوئی ایسی روایت موجود ہے کہ جو شخص سورۃ الکھف کی آخری دس آیات یاد کرلے تو دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا؟

جواب

جی ہاں! ایسی صحیح اور معتبر روایات موجود ہیں، جن میں سورۃ الکھف کی ابتدائی اور آخری دس آیات کے حفظ کو دجال اور فتنہ دجال سے حفاظت کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔

صحیح مسلم میں ہے "عن قتادة، عن سالم بن أبي الجعد الغطفاني، عن معدان بن أبي طلحة اليعمري، عن أبي الدرداء، أن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: من حفظ عشر آيات من أول سورة الكهف عصم من الدجال۔۔۔ حدثنا همام، جميعا عن قتادة، بهذا الإسناد، قال شعبة: من آخر الكهف، وقال همام: من أول الكهف، كما قال هشام" ترجمہ: حضرت قتادہ، سالم بن ابی الجعد الغطفانی سے، وہ معدان بن ابی طلحۃ الیعمری سے، اور وہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورہ کہف کی ابتدائی دس آیات یاد کیں، اُس کو فتنہ دجال سے محفوظ رکھا جائے گا۔ ہمام نے ہمیں یہ پوری روایت اسی سند کے ساتھ قتادہ کے حوالے سے بیان کی۔ شعبہ نے کہا "سورہ کہف کے آخری سے دس آیات حفظ کرے"۔ اور ہمام نے کہا "سورہ کہف کی ابتدا سے دس آیات حفظ کرے" جیسا کہ ہشام نے کہا۔ (صحیح مسلم، رقم الحدیث 809، ص 291، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

جامع الاصول فی احادیث الرسول میں ہے "أبو سعيد الخدري - رضي الله عنه - أن رسول الله - صلى الله عليه وسلم - قال: من حفظ عشر آيات من آخر (سورة الكهف) عصم من فتنة الدجال" ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سورہ کہف کی آخری دس آیات حفظ کیں وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ (جامع الاصول فی احادیث الرسول، رقم الحدیث 6254، ج 8، ص 480، مکتبۃ الحلوانی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4804

تاریخ اجراء: 14 رمضان المبارک 1447ھ/04 مارچ 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net